وزیر اعظم کی دوحہ، قطر میں آمد

14 فروری، 2024

وزیر اعظم جناب نریندر مودی قطر کے سرکاری دورے پر آج دوحہ پہنچے۔ وزیر اعظم کا قطر کا یہ دوسرا دورہ ہے، انہوں نے پہلی بار جون 2016 میں قطر کا دورہ کیا تھا۔

2. وزیر اعظم کا استقبال عزت مآب وزیر مملکت برائے خارجہ امور جناب سلطان بن سعد المراخی نے ہوائی اڈے پر کیا۔

3۔ اپنے دو روزہ دورے کے دوران وزیر اعظم آج رات قطر کے وزیر اعظم عزت مآب شیخ محمد بن عبدالرحمن الثانی کی طرف سے اپنے اعزاز میں دیئے گئے عشائیے میں شریک ہوں گے۔ مورخہ 15 فروری کو وزیراعظم قطر کے امیر شیخ تمیم بن حمد الثانی سے ملاقات کریں گے اور دوطرفہ اور علاقائی اور عالمی امور پر تبادلہ خیال کریں گے۔

دوحہ

14 فروری، 2024